قادر پور گیس فیلڈ کو فروخت کر کے سندھ کے قومی اثاثوں کو تباہ نہ کیا جائے، الطاف حسین

صدر اور وزیر اعظم سندھ دھرتی کے ساتھ ناانصافیوں کا سلسلہ بند کرایا جائے

سندھ کے دانشوروں اور منتخب نمائندے قادر پور گیس فیلڈ کی فروخت کے خلاف پرامن احتجاج کریں

لندن۔۔۔22، ستمبر 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے قادر پور گیس فیلڈ کی فروخت کے منصوبے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ قادر پور گیس فیلڈ کو فروخت کر کے سندھ کے قومی اثاثوں کو تباہ نہ کیا جائے۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ قادر پور گیس فیلڈ نہ صرف قومی اثاثہ ہے بلکہ منافع بخش ادارہ بھی ہے اور اس منافع بخش ادارے کو فروخت کرنا ناقابل فہم ہے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ کے قومی اثاثوں اور قدرتی وسائل کو فروخت کرنا سندھ دھرتی اور اس کے عوام کے ساتھ کھلی ناانصافی ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ صوبہ سندھ پہلے ہی ناانصافیوں اور زیادتیوں کا شکار ہے اور قادر پور گیس فیلڈ کی فروخت کا عمل سندھ اور اس کے عوام کے ساتھ مزید ناانصافی اور ظلم ہوگا جسے سندھ کے مستقل باشندے کسی بھی قیمت پر قبول نہیں کریں گے۔ جناب الطاف حسین نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیر اعظم سید یوسف رضا گیلانی، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ قادر پور گیس فیلڈ کو فروخت کر کے سندھ کے قومی اثاثوں کو تباہ نہ کیا جائے، سندھ دھرتی کے ساتھ ناانصافیوں کا سلسلہ بند کرایا جائے اور سندھ کے قدرتی وسائل کو صوبے کے عوام کی فلاح و بہتری کیلئے استعمال کیا جائے۔ جناب الطاف حسین نے سندھ دھرتی سے محبت کرنے والے دانشوروں، کالم نگاروں، منتخب نمائندوں اور زندگی کے دیگر شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد سے اپیل کی کہ وہ قادر پور گیس فیلڈ کی فروخت کے خلاف پرامن اور جمہوری انداز میں احتجاج کریں اور سندھ کے قومی اثاثوں کے تحفظ کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔

ایم کیو ایم نے اپنے منتخب نمائندوں کو ملنے والا حج کوٹہ ایک مرتبہ پھر عوام کیلئے وقف کر دیا

خواہش مند افراد 24 تا 26 ستمبر تک اپنی درخواستیں جمع کرا سکتے ہیں

کراچی۔۔۔22، ستمبر 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت پر حق پرست سینیٹرز اور اراکین قومی اسمبلی کو ملنے والا حج کوٹہ ایک مرتبہ پھر عوام کیلئے وقف کر دیا ہے۔ اس سلسلے میں ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد میں حج درخواستیں وصول کرنے کیلئے بکس رکھ دیئے گئے ہیں جہاں خواہش مند افراد 24، 25 اور 26 ستمبر تک اپنی درخواستیں جمع کرا سکتے ہیں۔ بعد ازاں ایم کیو ایم کے مرکز پر جمع ہونے والی حج درخواستوں کی قرعہ اندازی کی جائے گی اور خوش نصیب افراد کے ناموں کا اعلان بھی کیا جائے گا۔ واضح رہے کہ ماضی میں بھی ایم کیو ایم کی جانب سے حق پرست نمائندگان کو ملنے والا حج کوٹہ اور ٹیلی فون کوٹہ کی سہولیات کو اقرباء پروری کی نذر کرنے کے بجائے قرعہ اندازی کے ذریعہ عوام میں تقسیم کیا جاتا رہا ہے۔

ایم کیو ایم شعبہ خواتین حیدر آباد کی تنظیم نو کر دی گئی، 12 رکنی کمیٹی کا اعلان کر دیا گیا

حیدر آباد۔۔۔22، ستمبر 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ شعبہ خواتین حیدر آباد زون کی تنظیم نو کے سلسلے میں 12 رکنی کمیٹی کا اعلان کر دیا گیا ہے۔ یہ اعلان گزشتہ روز ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن وسیم آفتاب نے حیدر آباد میں ایم کیو ایم شعبہ خواتین کے جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ایم کیو ایم حیدر آباد زون کے انچارج محمد شریف بھی موجود تھے۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وسیم آفتاب نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ جمہوریت پسند جماعت ہے جو زندگی کے ہر شعبہ میں خواتین کو ان کے جائز حقوق دلانے کیلئے عملی جدوجہد کر رہی ہے۔ انہوں نے نے شعبہ خواتین کی 12 رکنی کمیٹی کے ارکان کو مبارکباد پیش کی اور ان پر زور دیا کہ وہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر و فلسفہ اور خواتین میں شعوری بیداری کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔

الطاف حسین احترام انسانیت پر یقین رکھتے ہیں

احمدیوں کے مسئلے پر الطاف حسین کا ببانگ دہل حق بات کرنا قابل تحسین ہے

ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد میں زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد کے پیغامات

کراچی ۔۔۔22،ستمبر 2008ء

مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے مذہب اور عقائد کی مخالفت پر بے گناہ شہریوں کے قتل کی شدید مذمت کی ہے اور اس حوالہ سے جناب الطاف حسین کے جراتمندانہ موٴقف پر انہیں سلام تحسین پیش کیا ہے۔ ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد میں زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد نے احمدی جماعت کے بے گناہ افراد کے قتل پر جناب الطاف حسین کے فکر انگیز خیالات کو سراہتے ہوئے کہا کہ دین اسلام غیر مسلموں کی جان و مال اور ان کی عبادت گاہوں کے تحفظ کا درس دیتا ہے اور الطاف حسین احترام انسانیت کی بات کرکے اسلامی تعلیمات پر عمل کررہے ہیں۔ پیغامات میں کہا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ایک انسان کا قتل پوری انسانیت کے قتل کے مترادف قرار دیا ہے اور جو لوگ مذہب اور عقائد سے اختلاف کو جواز بنا کر بے گناہ شہریوں کی گردنیں کاٹ رہے ہیں وہ اسلام اور انسانیت کے کھلے دشمن ہیں۔

☆☆☆☆☆